باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED
لاہور، راولپنڈی/اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ، فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار
Daily Nai Baat
روزنامہ نئی بات کراچی
چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمٰن
رجسٹرڈ نمبر MC-1375
Tuesday 6 October 2026
جلد	منگل 23 ربیع الثانی 1448ھ 6 اکتوبر 2026ء 22 اسوج 2083ب	صفحات 10	قیمت 40 روپے	شمارہ
15	www.naibaat.pk e-mail: karachi@naibaat.com			190

MATCO FOODS LIMITED
matco since 1964

میٹکو فوڈز لمیٹڈ

سالانہ عام اجلاس کا نوٹس

اراکین کو بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے **میٹکو فوڈز لمیٹڈ** (''کمپنی'') کا سالانہ اجلاس عام (''اے جی ایم'') بروز بدھ **28 اکتوبر 2026** کو صبح **11:30** بجے انسٹی ٹیوٹ آف کاسٹ اینڈ مینجمنٹ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان، سیمینار روم، آئی سی ایم اے پی بلڈنگ ایس ٹی۔18/C، سی، آئی سی ایم اے پی ایونیو، بلاک 6 گلشن اقبال، کراچی 75300 میں اور ویڈیو کانفرنس کے ذریعے درج ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد ہوگا۔
ممبران کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے زیرِ انتظام ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام شرکت کریں۔ (براہ مہربانی مزید تفصیلات کیلئے نوٹس کے سیکشن کا مطالعہ کریں)۔

اے) عمومی امور:

1. 28 اکتوبر 2025 کو منعقدہ گزشتہ سالانہ اجلاس عام (اے جی ایم) کی کارروائی کو پڑھنا اور توثیق۔
2. 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔ 30 جون 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مجموعی مالی گوشواروں اور اس پر آڈیٹرز کی رپورٹ کی منظوری۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (6)233 کے تحت اور ایس آر او 2023/(I)389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق کمپنی کے مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں جنہیں درج ذیل ویب لنک اور کیو آر کوڈ سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے:

https://matcofoods.com/investor-relations#financialResult

3. 30 جون 2027 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آڈٹ ورسک کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز گرانٹ تھورنٹن انجم رحمان چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی کمپنی کے آڈیٹرز کی حیثیت سے دوبارہ تقرری کی سفارش کی ہے۔

بی) دیگر امور

4. چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
محمد وقار علی
کمپنی سیکرٹری

کراچی
06 اکتوبر 2026

نوٹس:

1. **شیئر ٹرانسفر کتب کی بندش**
کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب 22 اکتوبر 2026 سے 28 اکتوبر 2026 تک (دونوں دن شامل) بند رہیں گے اور اس دوران حصص کی منتقلی کے لیے کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔ کمپنی کے رجسٹرار آفس، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی 74400 کو 21 اکتوبر 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والی منتقلیاں سالانہ عام اجلاس میں شرکت اور ووٹنگ کے لیے بروقت سمجھی جائیں گی۔

2. **سالانہ عام اجلاس میں ذاتی حیثیت یا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت**
وہ اراکین جن کے نام 21 اکتوبر 2026 تک اراکین کے رجسٹر میں درج ہوں گے وہ سالانہ اجلاس عام اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہیں۔ ایسے اراکین اپنی جانب سے شرکت کرنے، اظہار رائے اور ووٹ دینے کے لیے ایک پراکسی مقرر کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اراکین کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی میں شامل ہوں جس کے لیے ایک لنک کمپنی کی جانب سے فراہم کیا جائے گا۔

i) ویڈیو کانفرنسنگ کی سہولت کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے خواہشمند اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل corporate@matcofoods.com پر درج ذیل تفصیلات فراہم کر کے کمپنی کے پاس خود کو رجسٹر کروائیں:

سی ڈی سی پارٹیسپنٹ آئی ڈی / فولیو نمبر	کمپنی	شیئر ہولڈر کا نام	کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ / انکم ٹیکس نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس
	میٹکو فوڈز لمیٹڈ				

ii) مذکورہ بالا لوازمات کے مطابق اراکین کو ضروری تصدیقی عمل کے بعد رجسٹرڈ کیا جائے گا اور انہیں کمپنی کی جانب سے ای میل کے ذریعے ویڈیو کانفرنسنگ کا لنک فراہم کیا جائے گا جس سے وہ دی گئی تاریخ اور وقت پر اجلاس میں شرکت کر سکیں گے۔
iii) ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں صرف ان اراکین کو شرکت کی اجازت دی جائے گی جن کے نام رجسٹریشن کے لیے کمپنی کو فراہم کردہ تفصیلات سے مطابقت رکھتے ہوں (جیسا کہ اوپر نکتہ 'i' میں بیان کیا گیا ہے)۔
iv) لاگ ان کی سہولت اجلاس کے وقت سے تیس (30) منٹ پہلے کھول دی جائے گی اور سالانہ اجلاس عام کے اختتام تک کھلی رہے گی۔
v) حصص یافتگان سالانہ اجلاس عام کے ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنی آرا اور تجاویز اجلاس سے کم از کم دو (2) کاروباری ایام سے پہلے دیئے گئے ای میل ایڈریس corporate@matcofoods.com پر بھیج سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا پورا نام، شناختی کارڈ نمبر، اور فولیو / سی ڈی سی اکانٹ نمبر ضرور تحریر کریں۔

b) حصص یافتگان کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ سالانہ اجلاس عام شرکت کر کے اپنی حاضری اور پراکسیز کے ذریعے شرکت کو یقینی بنائیں۔
i) اجلاس میں شرکت کا اہل رکن اجلاس میں ذاتی طور پر یا ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے شرکت کے لیے کسی دوسرے رکن کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ اے جی ایم کے لیے قابلِ اطلاق پراکسی فارم اراکین کو بھیجے گئے نوٹس کے ساتھ منسلک ہے۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ https://matcofoods.com سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔
ii) پراکسی کی تقرری کا فارم معہ پاور آف اٹارنی یا کسی دوسرے اختیار نامے جس کے تحت اس پر دستخط کیے گئے ہوں یا ایسے پاور آف اٹارنی کی نوٹری سے تصدیق شدہ کاپی سالانہ اجلاس عام کے مقررہ وقت سے 48 گھنٹے پہلے کمپنی کو جمع کرانا لازمی ہے۔
iii) پراکسیز کی تقرری کے لئے حصص یافتگان کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے دی گئیں درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔
a) انفرادی صورت میں کھاتہ دار یا ذیلی کھاتہ دار جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی شرائط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، مذکورہ بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔
b) پراکسی فارم میں دو افراد کی گواہی ہوگی جن کے نام، پتے اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔
c) پراکسی فارم کے ساتھ حقیقی مالکان اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی نوٹری سے تصدیق شدہ نقول فراہم کی جائیں گی۔
d) کارپوریٹ ادارہ کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / مختار نامہ بمعہ نمونہ دستخط نامزد رکن (اگر پہلے فراہم نہیں کئے گئے) پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو جمع کرائے جائیں گے۔
e) ایک رکن کی طرف سے ایک سے زائد پراکسی مقرر کرنے اور پراکسی فارم جمع کرانے کی صورت میں ایسے تمام پراکسی فارم کالعدم ہو جائیں گے۔
f) پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل کارآمد پاسپورٹ پیش کرے گا۔

3. **سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کی الیکٹرانک ترسیل**
ایکٹ کی دفعہ (6)223 کی تعمیل میں جسے ایس ای سی پی کے ایس آر او 2025/(I)452 مورخہ 17 مارچ 2025 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کمپنی نے ان تمام حصص یافتگان کو سالانہ اجلاس عام کا نوٹس الیکٹرانک طور پر بھیج دیا ہے جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس موجود ہیں۔
مزید برآں حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ وہ اپنا درست ای میل ایڈریس، اپنے درست شناختی کارڈ کی ایک کاپی کے ساتھ کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی 74400 کو فراہم کریں۔ بک انٹری شکل میں حصص کی تحویل کی صورت میں حصص یافتگان متعلقہ معلومات اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کو فراہم کر سکتے ہیں۔

4. **لازمی معلومات کی فراہمی (شناختی کارڈ، این ٹی این، آئی بی اے این، ای میل اور زکوۃ اقرار نامہ)**
سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی ہدایات کے مطابق اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ ہمارا ریکارڈ اپ ڈیٹ کرنے اور قانون کی کسی بھی خلاف ورزی سے بچنے کے لیے اپنی لازمی معلومات جیسا کہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، تازہ ترین ڈاک کا پتہ، ای میل، رابطہ کے لیے موبائل / ٹیلی فون نمبر اور بین الاقوامی بینکنگ اکانٹ نمبر (IBAN)، اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ہمراہ فوری فراہم کریں۔ بصورت دیگر ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق تمام منافع روک دیا جائے گا۔
حصص یافتگان سے گزارش ہے کہ وہ اپنے ڈاک کے پتے میں کسی بھی تبدیلی سے مطلع کریں اور زکوۃ سے استثنٰی کے لیے زکوۃ وعشر آرڈیننس 1980 کے مطابق اقرار نامہ (CZ-50) جمع کروائیں۔
فزیکل حصص رکھنے والے حصص یافتگان مذکورہ بالا تفصیلات میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو جمع کرائیں گے اور سی ڈی ایس میں حصص کے لیے تفصیلات سی ڈی سی انویسٹرز اکاؤنٹ سروسز یا متعلقہ پارٹیسپنٹ کو جمع کرائیں۔

5. **فزیکل شیئرز کی بک انٹری فارم میں تبدیلی**
کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 72 کے مطابق ہر موجودہ لسٹڈ کمپنی کو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے نفاذ کی تاریخ سے چار (4) سال کے اندر اپنے فزیکل حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا ضروری ہے۔
سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مورخہ 26 مارچ، 2021 کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ فیزیکل شکل میں حصص رکھنے والے اراکین کو اپنے حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروانے کی ترغیب دیں۔
فیزیکل فولیو / شیئر سرٹیفکیٹ کے حامل کمپنی کے اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ جلد از جلد اپنے حصص کو فزیکل شکل سے بک انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔ اراکین سی ڈی ایس اکاؤنٹ کھولنے اور بعد ازاں فزیکل حصص کو بک انٹری فارم میں تبدیل کروانے میں مدد کے لیے اپنے بروکر، سی ڈی سی پارٹیسپنٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروس پرووائیڈر سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اس سے اراکین کو کئی سہولتیں حاصل ہوں گی جن میں حصص کی محفوظ اور آسان تحویل، آسانی سے خرید وفروخت اور منتقلی، گم، خراب یا چوری کے خطرات سے تحفظ اور بونس یا رائٹ حصص کی بغیر کسی رکاوٹ کے اکاؤنٹ میں منتقلی شامل ہے۔ مزید معلومات اور مدد کے لیے اراکین ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

6. **غیر دعوی شدہ منافع / حصص**
کمپنی کے غیر دعوی شدہ منافع / حصص کی تازہ ترین فہرست کمپنی کی ویب سائٹ www.matcofoods.com پر دستیاب ہے۔ یہ غیر دعوی شدہ منافع / حصص ہیں جو واجب الادا اور قابل ادائیگی ہونے کی تاریخ سے تین (3) سال کی مدت تک غیر دعوی شدہ یا غیر ادا شدہ رہے ہیں۔
وہ حصص یافتگان جو کسی بھی وجہ سے اپنا منافع اور / یا بونس حصص وصول نہیں کر سکے، انہیں ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے غیر وصول شدہ منافع اور / یا بونس حصص، اگر کوئی ہیں، کے دعوی یا ان کے بارے میں دریافت کرنے کے لیے ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کریں۔

7. **الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ**
کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017 کے ریگولیشن 4 کی دفعات کے مطابق ایک لسٹڈ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ اراکین کو نقد منافع صرف الیکٹرانک طریقے سے براہ راست اہل رکن کے فراہم کردہ بینک اکاؤنٹ میں ادا کرے۔ مذکورہ بالا قانون کی تعمیل میں اپنے بینک اکاؤنٹ میں براہ راست منافع وصول کرنے کے لیے اراکین سے درخواست کی جاتی ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ www.matcofoods.com پر موجود فارم میں درج معلومات کہ الیکٹرانک شکل میں رکھے گئے حصص کیلئے بروکرز / سی ڈی سی کو یا فزیکل شکل میں رکھے گئے حصص کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں (اگر پہلے سے فراہم نہیں کی گئی)۔ معلومات موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی اراکین کو منافع کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

8. **منافع کی ادائیگیوں پر انکم ٹیکس**
انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کی دفعہ 150 کے تحت حصص پر منافع کی آمدنی پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی لازم ہے۔ اراکین کے 'فعال' (Active) اور 'غیر فعال' (Non-Active) حیثیت کی بنیاد پر منافع پر ٹیکس کی کٹوتی بالترتیب 15 فیصد اور 30 فیصد کی شرح سے ہوگی۔ 'فعال' سے مراد وہ شخص ہے جس کا نام ایف بی آر کے ای-پورٹل (http://www.fbr.gov.pk/) پر دستیاب فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل ہے اور 'غیر فعال' سے مراد وہ شخص ہے جس کا نام فعال ٹیکس دہندگان کی فہرست میں شامل نہیں ہے۔
مزید برآں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی طرف سے موصولہ وضاحت کے مطابق ودہولڈنگ ٹیکس کا تعین مشترکہ کھاتوں کی صورت میں پرنسپل حصص یافتہ کے ساتھ ساتھ مشترکہ کھاتے داروں کی فائلر / نان فائلر حیثیت پر ان کے حصص یافتگان کے تناسب کی بنیاد پر علیحدہ سے کیا جائے گا۔
وہ تمام ممبران جو مشترکہ اراکین کے ساتھ حصص رکھتے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ درج ذیل شیئر ہولڈنگ تناسب فراہم کریں۔
مشترکہ حصص یافتگی رکھنے والے حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل حصص یافتہ کے طور پر اپنی اور اپنے مشترکہ کھاتے داروں کی حصص یافتگی کے تناسب کی تفصیلات 21 اکتوبر 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام سے پہلے ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو مندرجہ ذیل کے مطابق تحریری طور پر فراہم کریں۔

پرنسپل رکن / مشترکہ حصص یافتہ کا نام	حصص یافتگی کا تناسب	شناختی کارڈ نمبر (نقل منسلک کریں)	فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	کل حصص	دستخط

9. **ویب سائٹ پر مالیاتی گوشواروں اور رپورٹس کی دستیابی**
کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعات (7) & 233 (6) کے مطابق 30 جون، 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔
مندرجہ بالا کے باوجود کمپنی کسی بھی رکن کی درخواست پر آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کی مطبوعہ نقل درخواست وصولی کے ایک ہفتے کے اندر ان کے رجسٹرڈ پتے پر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔

10 **حصص یافتگان کو تحائف کی فراہمی کی ممانعت**
سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے اپنے سرکلر نمبر 2 آف 2018 جسے ایس آر او 2025/(I)452 بتاریخ 9 فروری، 2018 کے ساتھ پڑھا جائے، میں کمپنیوں کو سختی سے منع کیا ہے کہ وہ اجلاس عام میں یا ان سے متعلق کسی بھی صورت میں حصص یافتگان کو تحائف کے بدلے تحائف یا مراعات (ٹوکن، کوپن، لنچ یا ٹیک اے وے پیکیجز) فراہم نہ کریں۔ ایکٹ کی دفعہ 185 کے تحت اس ہدایت کی خلاف ورزی جرم تصور ہوگی اور تعمیل نہ کرنے والی کمپنیوں پر جرمانے عائد کیے جا سکتے ہیں۔ چنانچہ اجلاس میں کسی بھی شکل میں تحائف تقسیم نہیں کئے جائیں گے۔

PREPARED AND MANAGED BY NEXA CONSULTING